سوال

(152)بچوں کی عید میں شرکت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بچوں کی عید میں شرکت

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

باشعور بچے بھی مسلمانوں کی عید میں شریک ہو سکتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سوال ہوا کہ آیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عید میں شرکت کی تھی؟ انھوں نے جواب دیا، ہاں اگر چھوٹے ہونے کے باوجود میرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں مقام نہ ہوتا تو میں شرکت نہ کرتا۔[1] لیکن بچوں کو کنٹرول کرنے کا بندوبست ہونا چاہیے تاکہ وہ دوسرے حضرات کی نماز خراب نہ کریں۔

---

[1] بخاری، العیدین: ۹۷۷۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:158

محدث فتویٰ